Serial No.of Answar book ..............................

MRD-E/XI (A)

علم التعلیم . پارٹ-I

Roll No. ..............................

Fic. No. ..................

Fic. No. ..................

علم التعلیم . پارٹ-I

## حصہ الف (معروضی)

کل نمبر:20　　　　　　　　　　　　　　وقت: 20 منٹ

**نوٹ۔ اس حصے کے لیے یہی شیٹ استعمال کریں۔کاٹ کر یا دوبارہ لکھے ہوئے جوابات پر کوئی نمبر نہیں ملے گا۔**

سوال نمبر1: ہرسوال کے چار ممکنہ جوابات (الف، ب، ج، د) دیئے گئے ہیں۔درست جواب کا انتخاب سامنے دیئے گئے خانے میں لکھیں۔

(i) لفظ ایجوکیشن (Education) کون سی زبان سے ماخوذ ہے؟ (الف) عربی (ب) عبرانی (ج) لاطینی (د) یونانی

(ii) بچے کی تعلیم کا اوّلین مرکز کونسا ہے؟ (الف) سکول (ب) معاشرہ (ج) مسجد (د) گھر

(iii) تعلیم کا سب سے بڑا مقصد ____ ہے۔ (الف) ذاتی تسکین (ب) فرد کے کردار میں مثبت تبدیلی (ج) معلومات عامہ کا حصول (د) حصول ملازمت

(iv) نظام تعلیم کا سب سے اہم عنصر ____ ہے۔ (الف) مقاصد تعلیم (ب) نصاب تعلیم (ج) حکمت تدریس (د) امتحانات

(v) علم کا حقیقی ذریعہ ____ ہے۔ (الف) وحی (ب) سائنسی تحقیقات (ج) جدید ٹیکنالوجی (د) فلسفہ

(vi) لفظ فلسفہ کون سی زبان سے ماخوذ ہے؟ (الف) یونانی (ب) عبرانی (ج) عربی (د) لاطینی

(vii) فلسفہ سے کیا مراد ہے؟ (الف) حقیقت کی تلاش (ب) حُب دانش (ج) حکمت ودانائی (د) تینوں صحیح

(viii) نصاب کے کتنے عناصر ہیں؟ (الف) ایک (ب) دو (ج) تین (د) چار

(ix) 90 سے 109 تک مقیاس ذہانت رکھنے والا بچہ کیا کہلاتا ہے؟ (الف) ذہین (ب) فطین (ج) متوسط (د) کند ذہن

(x) ایک انسان کے تخمی خلیہ میں کتنے جوڑے ہوتے ہیں؟ (الف) 23 (ب) 25 (ج) 36 (د) 46

(xi) میڈ (Mead) نے نصاب کو کتنے حصّوں میں تقسیم کیا ہے؟ (الف) ایک (ب) دو (ج) تین (د) چار

(xii) نصاب کے لغوی معنی کیا ہیں؟ (الف) راستہ (ب) منصوبہ (ج) منزل (د) آموزش

(xiii) کند ذہن بچوں کو کون سی مشاورت درکار ہوتی ہے؟ (الف) ہدایاتی (ب) اختیاری (ج) غیر ہدایاتی (د) ذہنی

(xiv) حصول علم کے کتنے ذرائع ہیں؟ (الف) تین (ب) چار (ج) پانچ (د) چھ

(xv) نصاب سازی کا عمل مسلسل اور ____ عمل ہوتا ہے۔ (الف) دائروی (ب) مخلوطی (ج) معلوماتی (د) عملی

(xvi) پیمائش میں صرف ____ پیمانے استعمال ہوتے ہیں۔ (الف) مقداری (ب) معیاری (ج) خاصیتی (د) علاقی

(xvii) غیر رسمی انداز میں رہنمائی کا فریضہ کون ادا کرتے ہیں؟ (الف) ماہرین (ب) مشیر (ج) اساتذہ (د) والدین

Result.pk

**MRD-E/XI (A)**

# علم التعلیم پارٹ-I

وقت: 2 گھنٹے 40 منٹ — نمبر: 80

## سیکشن "ب" (50)

**سوال نمبر 2۔ مندرجہ ذیل سوالات میں سے صرف دس کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ تمام سوالوں کے نمبر یکساں ہیں۔**

i۔ مقاصد تعلیم سے کیا مراد ہے؟

ii۔ رسمی اور غیر رسمی تعلیم کے فرق کو مثالوں سے ثابت کریں۔

iii۔ تعلیم کی چار اہم بنیادوں کے نام لکھیں۔

iv۔ اچھے نصاب کی پانچ خصوصیات کیا ہیں؟

v۔ انفرادی اختلافات سے کیا مراد ہیں؟

vi۔ مقیاس ذہانت (I.Q) کی وضاحت کریں۔

vii۔ تعلیم بذریعہ بصیرت کی وضاحت کریں۔

viii۔ مشاورت کی مختلف قسمیں کون کون سی ہیں؟

ix۔ رہنمائی سے کیا مراد ہے؟

x۔ نصاب اور درسی کتب کا فرق واضح کریں۔

xi۔ معاشرہ اور تعلیم کا تعلق بیان کریں۔

xii۔ آزمائش اور پیمائش کی تعریف کریں۔

xiii۔ آزمائش کے پانچ تعلیمی مقاصد لکھیں۔

## سیکشن "ج" (30)

**نوٹ: مندرجہ ذیل میں سے تین سوالات کے مفصل جوابات تحریر کریں۔ تمام سوالوں کے نمبر یکساں ہیں۔**

سوال نمبر 3۔ تعلیم کے وظائف (Functions of Education) تفصیل سے بیان کریں۔

سوال نمبر 4۔ ذرائع علم (Sources of knowledge) کون کون سے ہیں؟ تفصیلاً لکھیں۔

سوال نمبر 5۔ انفرادی اختلافات (Individual differences) کا جاننا معلم کے لیے کیوں ضروری ہے؟ تفصیل سے بیان کریں۔

سوال نمبر 6۔ تعلم پر اثر انداز ہونے والے عوامل بیان کیجیے۔ کسی ایک عامل (Factor) کو تفصیل سے بیان کیجیے

..................................................

Result . PK

Result.PK